جانم پیٹ کا محل وقوع

جانم پیٹ گاؤں ریاست تلنگانہ میں ہے۔جغرافیائی اعتبار سے یہ سطح مرتفع تلنگانہ میں واقع ہے۔سطح مرتفع میں عام طور پر چھوٹے پہاڑ، پہاڑی سلسلے اور میدانی علاقے بھی پائے جاتے ہیں۔گاؤں سے ملحق کچھ پہاڑ ہیں۔جانم پیٹ گاؤں کی سرحدیں: مشرق میں پولکم پلی، تماپور، کنا کاپور، مغرب میں تھنکی پور، شمال میں گاجولا پیٹا، تاٹی کونڈا اور جنوب میں سنکالامدی، کامی جی پور گاؤں ہیں۔قومی شاہراہ 44 اس گاؤں سے گزرتی ہے۔یہ ہندوستان کی طویل ترین شاہراہ ہے جو سری نگر (جموں وکشمیر) اور کنیا کماری (تامل ناڈو) کو جوڑتی ہے۔

سوال 1 جانم پیٹ کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟

ہندوستان کی آب وہوا اور دریائیں

آب وہوا

کسی علاقے کی آب وہوا وہاں کے انسانی سرگرمیوں میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ کسی علاقے کی زراعت، صنعت، تجارت اور حمل و نقل تمام اس علاقے کی آب وہوا سے متاثر ہوتے ہیں۔ کسی علاقے کی آب وہوا اس علاقے کے جغرافیہ، ہوا کا دباؤ، ہواؤں اور رطوبت وغیرہ پر منحصر ہوتی ہے۔

ہندوستان کی آب وہوا

ہندوستان میں مختلف مقامات کے درجہ حرارت میں بہت زیادہ فرق پایا جاتا ہے۔ وہ عوامل جو آب وہوا پر اثر انداز ہوتے ہیں، آب و ہوائی کنٹرول کہلاتے ہیں۔ وہ ہیں: 1. عرض البلد 2. سمندر سے فاصلہ 3. بلندی 4. پہاڑی سلسلے 5. زمینی ہواؤں کا رخ 6. اوپری ہوائی لہریں (جیٹ اسٹریمس)

سوال 2: اس علاقہ کے آب وہوا کے بارے میں لکھئے۔

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

براعظم اور بحراعظم

زمین کا ارتقاء

سائنس دانوں کا خیال ہے کہ زمین ایک بہت ہی گرم سیارہ تھا۔اور وقت گزرنے کے ساتھ زمین کی صرف اوپری پرت سخت ہوگئی اور مرکزی کرۂ ابھی بھی گرم مائع کی شکل میں ہے۔اگر زمین کی اندرونی ساخت ٹھنڈی اور سکڑے گی تو زمین کی اوپری پرت بھی تہہ دار ہوکر اونچے پہاڑ، نشیبی علاقے اور پھر سمندروں کی شکل اختیار کرے گی۔زمین کی فضاء مختلف گیسوں اور آبی بخارات کا مجموعہ ہے۔ساز گار فضاء میں زندگی گزارنے کے لیے ایک عرصہ لگا۔

براعظم

زمین کے بڑے حصے براعظم کہلاتے ہیں۔ان براعظموں کو بحراعظم اور سمندر جدا کرتے ہیں ۔زمین کو سات براعظموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بحراعظم: بحراوقیانوس، بحرالکاہل، بحرہند، بحرآرکٹ (بحرمنجمد شمالی)، بحرجنوبی (بحرمنجمد جنوبی)

براعظم: ایشیاء، یوروپ، افریقہ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، آسٹریلیا اور انتارتیکا

سوال 3: بحراعظم اور براعظم کس کو کہتے ہیں۔ان کے نام لکھئے۔

____

ریاست تلنگانہ۔تحریک وتشکیل

آزادی کے بعد

آزادی کے وقت ہندوستان میں 550 ریاستیں خودمختار دیسی ریاستیں موجود تھیں ۔ جب انگریز ہندوستان چھوڑ کر جانے لگے تو یہ ریاستیں بھی آزاد ہوچکی تھیں ۔انہیں یہ اختیار دیا گیا کہ وہ ہندوستان یا پاکستان میں شامل ہونے یا آزاد رہنے کا فیصلہ کریں ۔ کچھ ریاستوں نے آزاد رہنے کو ترجیح دی ۔حیدرآباد انہیں میں سے ایک تھا۔نظام میر عثمان علی خان نے اعلان کیا کہ حیدرآباد ایک آزاد مملکت رہے گی۔

ریاست حیدرآباد۔ ہندوستان میں انضمام

ریاست حیدرآباد 16 اضلاع میں سے تلنگانہ 8 اضلاع ایسے تھے جہاں تلگو بولنے والوں کی اکثریت تھی۔5 اضلاع میں مراٹھی اور 3 اضلاع جہاں کنڑا زبان بولنے والے غالب تھے۔ ہندو آبادی 8 فیصد تھی۔

سوال 4: آزادی کے وقت ہندوستان میں کتنی ریاستیں تھیں اور حیدرآباد کتنے اضلاع پر مشتمل تھا؟

___

___

___

___

___

___

___

___

___

___